# 03-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں:

۱۔تلنگانہ کے وزیرامکنہ پی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ تلنگانہ اندرما مکانات اسکیم کے تحت ہر مستحق کو پانچ لاکھ روپے مالی امداد فراہم کرنے والی ملک کی واحد ریاست بن گئی ہے۔

۲۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے ذات پر مبنی مردم شماری کرانے کا اعلان دراصل تلنگانہ کی عوامی حکومت اور کانگریس قیادت کے دباؤ کا نتیجہ ہے۔

۳۔وزیراطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے کہا کہ ہندوستان میڈیا اور تفریحی شعبے میں عالمی قیادت حاصل کرسکتا ہے۔

اور

۴۔ہندوستان نے پاکستان سے براہ راست یا بالواسطہ درآمدات پر فوری طور پر پابندی عائد کردی ہے۔

## TOURISM

حیدرآباد کے اے آئی جی اسپتال میں مس ورلڈ مقابلہ میں حصہ لینے کے لئے آنے والی امیدواروں کیلئے میڈیکل ٹورازم تعارفی پروگرام منعقد کیا جائے گا۔اس پروگرام میں دنیا کے 120 ممالک سے تعلق رکھنے والی امیدواروں کی شرکت متوقع ہے، جبکہ یہ تقریب 150 سے زائد ممالک میں براہ راست نشر کی جائے گی، جس سے تلنگانہ کو اپنی شاندار طبی سہولیات عالمی سطح پر پیش کرنے کا سنہری موقع حاصل ہوگا۔اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ تلنگانہ تیزی سے عالمی طبی سیاحت کے نقشہ پر اپنی جگہ مستحکم کررہا ہے۔ریاست میں عالمی معیار کا صحت کا انفراسٹرکچر، جدید ٹکنالوجی، ماہر ڈاکٹرس اور حکومت کی بھرپور تائید اس کامیابی کی بڑی وجوہات ہیں۔ریونت ریڈی کی قیادت میں ریاست کو عالمی میڈیکل ٹورازم حب کے طور پر خصوصی شناخت حاصل ہوئی ہے، اور اب 72 ویں مس ورلڈ ایونٹ کے ذریعہ تلنگانہ اس شعبہ کو عالمی سطح پر مزید وسعت دینے جارہا ہے۔ریاست آیوروید، ہومیوپیتھی اور یونانی جیسی روایتی طب کو بھی فروغ دے رہی ہے، جس سے یہاں کی صحت کی سہولیات ایک ہمہ جہت امتزاج بن چکی ہیں۔

## INDRAMMA

تلنگانہ کے وزیرامکنہ پی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ تلنگانہ اندرما مکانات اسکیم کے تحت ہر مستحق کو پانچ لاکھ روپے مالی امداد فراہم کرنے والی ملک کی واحد ریاست بن گئی ہے۔وزیرموصوف حیدرآباد میں نیشنل اکیڈمی آف کنسٹرکشن میں منعقدہ ایک سرٹیفکیٹ تقسیم تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلی ریونت ریڈی کی قیادت میں حکومتِ

تلنگانہ رواں سال 4.5 لاکھ اندراماّ مکانات تعمیر کرے گی، جس پر مجموعی طور پر 22 ہزار کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ اس اسکیم کا مقصد غریب عوام کو باعزت رہائش فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ مکانات 400 مربع فٹ سے کم نہیں ہوں گے اور مستحق افراد خود ہی حکومت کی جانب سے دی گئی 5 لاکھ روپے امداد سے مکانات تعمیر کر رہے ہیں۔ پائلٹ مواضعات میں تعمیراتی کام کا آغاز ہو چکا ہے اور مستحق افراد کے انتخاب کا عمل جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ تقریب میں 350 اسسٹنٹ انجینئروں کو تربیت مکمل کرنے پر اسناد دیئے گئے جن میں 45 فیصد خواتین شامل ہیں۔ وزیر موصوف نے انجینئروں کو دیانت داری، بدعنوانی سے اجتناب اور صرف حقداروں کو ہی فائدہ پہنچانے کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ رقم ادائیگی کے عمل سے دلالوں کو دور رکھنے کے لئے جدید ٹکنالوجی کا استعمال کیا جا رہا ہے اور ہر پیر کو مرحلہ وار ادائیگیاں کی جا رہی ہیں۔

WEATHER

تلنگانہ میں آئندہ پانچ دنوں کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ طوفانی بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق تلنگانہ میں اگلے پانچ دنوں کے دوران بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ طوفانی بارش اور 40 تا 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے بلیٹن میں بتایا گیا کہ آئندہ سات دنوں کے دوران ریاست کے بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندا باندی متوقع ہے۔ آئندہ دو دنوں کے دوران درجہ حرارت میں کسی بڑے کم یا زیادہ ہونےکا امکان نہیں، تاہم اس کے بعد درجہ حرارت میں معمولی کمی واقع ہو سکتی ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے بعض مقامات پر بارش ریکارڈ کی گئی۔ اعظم ترین درجہ حرارت 42.4 ڈگری سیلسیس نظام آباد میں ریکارڈ کیا گیا۔

IMPORT BAN

ہندوستان نے پاکستان سے براہ راست یا بالواسطہ درآمدات پر فوری طور پر پابندی عائد کر دی ہے۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف فارن ٹریڈ نے ایک نوٹیفکیشن میں کہا کہ پاکستان سے یا پاکستان کے ذریعے آنے یا جانے والی تمام اشیاء کی براہ راست یا بالواسطہ درآمد یا ترسیل پر فوری طور پر پابندی عائد کی جاتی ہے۔ اس نے کہا کہ یہ پابندی قومی سلامتی اور عوامی پالیسی کے مفاد میں لگائی گئی ہے۔ اس پابندی سے استثنیٰ صرف حکومت کی منظوری سے ممکن ہوگا۔ ایک اور پیش رفت میں، ہندوستان نے پہلگام دہشت گرد حملے کے پیش نظر پاکستان سے آنے والے تمام قسم کے ڈاک اور پارسل کے تبادلے کو معطل کر دیا ہے۔ آج جاری کردہ ایک بیان میں وزارت مواصلات نے کہا کہ حکومت نے ہوائی اور زمینی راستوں کے ذریعہ آنے والے ڈاک اور پارسل کے تبادلے کو معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

VAISHNAW:

وزیر اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے کہا کہ ہندوستان میڈیا اور تفریحی شعبے میں عالمی قیادت حاصل کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ کئی عالمی کمپنیاں ہندوستان کے ساتھ کام کرنے کیلئے اپنی رضامندی ظاہر کرچکی ہیں۔ان میں گوگل، میٹا اور مائیکروسافٹ جیسی سات عالمی کمپنیاں شامل ہیں جنہوں نے آج انڈین انسٹیٹیوٹ آف کری ایٹو ٹیکنالوجی کے ساتھ یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے۔ یہ معاہدہ ممبئی میں WAVES سمٹ کے دوران ہوا۔ یہ ادارہ ممبئی میں 400 کروڑ روپے کی فنڈنگ سے قائم کیا جائے گا۔اس موقع پر ویشنو نے کہا کہ آنے والے دنوں میں یہ ادارہ آئی آئی ٹی اور آئی آئی ایم کے طرز پر قائم کیا جائے گا۔

Byte Vaishnaw

اس سے قبل وزیر موصوف نے کہا کہ انڈین انسٹیٹیوٹ آف کری ایٹو ٹیکنالوجی اینی میشن، ویژول ایفیکٹس، گیمنگ اور کامکس کے لیے قومی مرکز بننے جا رہا ہے۔اطلاعات ونشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مرگن اور اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو بھی اس موقع پر موجود تھے۔

BHATTI

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکر مارکا نے کہا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے ذات پر مبنی مردم شماری کرانے کا اعلان دراصل تلنگانہ کی عوامی حکومت اور کانگریس قیادت کے دباؤ کا نتیجہ ہے۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی حکومت نے سائنسی بنیادوں پر ذات کی مردم شماری کی ہے، جس نے ریاست کو پورے ملک کے لیے ایک نمونہ بنا دیا ہے۔ کھمم میں بی سی ایمپلائیز ایسوسی ایشن اور مختلف بی سی ذاتوں کی تنظیموں نے بھٹی وکر مارکا کو اعزاز سے نوازا۔آج کیمپ آفس میں منعقدہ اعزازی تقریب میں بھٹی نے مرکزی حکومت پر دباؤ ڈالنے کے لیے تلنگانہ حکومت کا شکریہ ادا کیا۔

SHE TEAM

خواتین کی حفاظت اور عوامی سلامتی کو مضبوط بنانے کے لیے ایک اہم اقدام کے تحت سائبر آباد پولیس نے شی ٹیموں کے لیے 12 ہونڈا ایکٹیوا اسکوٹرس کو شامل کیا۔اس اقدام کا مقصد نگرانی کو بہتر بنانا اور شہریوں، بالخصوص خواتین اور بچوں کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے، جو سائبر آباد حدود کے اندر رہتے ہیں۔سائبر آباد کے پولیس کمشنر اویناش موہنتی، ٹریفک کے جوائنٹ کمشنر ڈاکٹر گجاراؤ بھوپال اور بھاگیہ نگر گیس لمیٹڈ (بی جی ایل) کے نمائندوں نے ان اسکوٹروں کو روانہ کیا۔ یہ اقدام بھاگیہ نگر گیس لمیٹڈ کی کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی (سی ایس آر) کے تحت، سائبر آباد سیکورٹی کونسل (ایس سی ایس سی) کے ذریعہ، سائبر آباد پولیس کو بائیکس کا عطیہ دیا گیا۔

LOOK OUT

حیدرآباد ایسٹ زون پولیس نے کاچی گوڑہ میں ایک مکان میں ڈکیتی کے سلسلے میں پانچ نیپالی شہریوں کے خلاف لک آؤٹ نوٹس جاری کیا ہے۔ یہ افراد جو گھریلو ملازم کے طور پر کام کرتے تھے، انہوں نے اس جوڑے کو نشہ دے کر بے ہوش کیا جن کے یہاں وہ کام کرتے تھے، اور تقریباً ایک کلو سونا اور تقریباً 60 لاکھ روپے لوٹ لیے۔ ڈی سی پی (ایسٹ) بی بالا سوامی نے بتایا کہ ملزمین کے نام مینا دوگر اور ہیم راج دوگر ہیں جو 21 اپریل کی رات کو انہوں نے مبینہ طور پر جوڑے کے کھانے میں نیند کی گولیاں ملا دیں۔ جب جوڑا بے ہوش ہو گیا تو گروہ نے مال لوٹ لیا۔ تحقیقاتی عہدیداروں کا ماننا ہے کہ ٹولی ابھی تک ہندوستان میں موجود ہے اور عوام سے گزارش کی گئی ہے کہ وہ چوکنا رہیں اور اگر انہیں کہیں دیکھیں تو رپورٹ کریں۔ ملزمین کی تصاویر بھی تلاش میں مدد کے لیے جاری کی گئی ہیں۔

WAVES 2025

ویوز 2025 کے عنوان سے ایک پینل مباحثہ منعقد ہوا جس کا موضوع قزاقی: ٹیکنالوجی کے ذریعے مواد کے تحفظ کو یقینی بنانا تھا۔ اس میں میڈیا، قانون اور سائبر سیکیورٹی کے عالمی ماہرین نے شرکت کی تاکہ ڈیجیٹل مواد کی معیشت کے سب سے بڑے مسئلے یعنی قزاقی سے نمٹنے پر بات کی جا سکے۔ اس گفتگو کی نظامت نیل گین، نائب صدر اور ہیڈ آف ایشیا پیسفک، آئی پی ہاؤس نے کی۔ گفتگو میں اس بات پر زور دیا گیا کہ قزاقی اب صرف ایک معمولی مسئلہ نہیں رہا بلکہ یہ ایک بڑا خطرہ بن چکا ہے جس سے نمٹنے کے لیے مربوط اور کثیر الجہتی ردعمل کی ضرورت ہے۔

IPL

رائل چیلنجرس بنگلورو کی ٹیم آج شام ایم چنا سوامی اسٹیڈیم، بنگلورو، کرناٹک میں چنئی سوپر کنگس کے خلاف میچ کھیلے گی۔ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہونے والا ہے۔ گزشتہ شب گجرات ٹائٹنس نے احمد آباد میں سن رائزرز حیدرآباد کو 38 رنز سے شکست دی۔

SANJAY JAJU - WAVES BAZAR:

اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے آج کہا کہ ویوز بازار 2025 میں اب تک ہزار کروڑ روپے سے زائد کا کاروبار ہوا ہے۔ ویوز سمٹ کا یہ عالمی فلیگ شپ مارکیٹ اقدام میڈیا اور تفریحی صنعت میں بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے کے لیے ایک مؤثر محرک کے طور پر ابھرا ہے۔ ممبئی میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے سنجے جاجو نے بتایا کہ ویوز بازار میں اعلیٰ درجے کی کمپنیاں حصہ لے رہی ہیں۔

SOUND BYTE

TYAGARAJA:

تلنگانہ کے 1,000 سے زائد موسیقار کل ایل بی اسٹیڈیم میں 258 ویں تیا گا راجہ جینتی کے موقع پر اپنی فنکارانہ صلاحیت کا اظہار کریں گے۔ یہ پروگرام تلنگانہ سنگیت ناٹک اکیڈمی کی جانب سے منعقد کیا جا رہا ہے۔اس کے ساتھ ہی اکیڈمی نے اعلان کیا ہے کہ 15 مئی سے شروع ہونے والے کالیشورم پشکرالو کے دوران فن کا مظاہرہ کرنے کے لیے 24 ٹیمیں بھی تعینات کی جائیں گی۔اکیڈمی کی چیئر پرسن پروفیسر (ڈاکٹر) الیکھیا نے حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس جینتی کو شایانِ شان طریقے سے منایا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ ریاست تلنگانہ کے تمام اضلاع سے ہزار سے زائد موسیقار اس تقریب میں شرکت کریں گے۔